# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد

نمبر:1463-GR

## سرکلر

مورخہ:-01-08-2024

محترم پرنسپل

گورنمنٹ/الحاق شدہ پرائیویٹ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد۔

عنوان: سیکنڈری سکول امتحان سالانہ 2024ء میں کامیاب ہونیوالے طلبہ کیلئے کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز میں گیارہویں جماعت/(فرسٹ ائیر کلاس) سیشن 26-2024 میں داخلے کا شیڈول۔

مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرمین نے مراسلہ نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2024 مورخہ 01-08-2024 کے تحت انٹرمیڈیٹ گیارہویں جماعت تعلیمی سیشن 26-2024 میں داخلہ/رجسٹریشن/آن لائن ڈیٹا انٹری اور ریٹرن ترسیل کا درج ذیل شیڈول جاری کیا ہے:

| نمبر شمار | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن کی ڈیٹا انٹری کرنے، بنک میں فیس جمع کرواکے کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور مصدقہ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن، ریونیو لسٹ، فارورڈنگ لیٹر کی ہارڈ کاپی بورڈ میں جمع کروانے کی حتمی تاریخ |
|---|---|---|
| 1 | بغیر لیٹ فیس داخلہ | 01 اگست 2024 تا 20 ستمبر 2024 |
| 2 | -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم (بورڈ کو واجب الادا ہوگی) | 21 ستمبر 2024 تا 10 اکتوبر 2024 |
| 3 | رجسٹریشن فیس | 1000 روپے فی طالب علم |
| 4 | پراسیسنگ فیس | 800 روپے فی طالب علم |
| 5 | سپورٹس فیس / سکالرشپ فنڈ | 300 روپے فی طالبعلم |
| 6 | میٹرک کا نتیجہ دیر سے نکلنے کی صورت میں (بشرطیکہ تاخیر کا ذمہ دار امیدوار نہ ہو) | تاریخ اشاعت رزلٹ سے 10 یوم کے اندر |

**قابلِ توجہ: تعلیمی سیشن 25-2023 سے امیدوار کا ب۔فارم نمبر ہی رجسٹریشن نمبر الاٹ کیا گیا ہے۔لہٰذا انتہائی احتیاط سے ب۔فارم نمبر کا اندراج کیا جائے۔غلط اندراج کرنے کی صورت میں ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔**

**نوٹ: ناظرہ قرآن حکیم بمع ترجمہ تمام طلباء اور طالبات کے لئے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہوگا۔**

1۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور ریٹرن میں مضامین وغیرہ کی درستی کے لیے درخواست مقررہ شیڈول کے مطابق بورڈ کی رجسٹریشن برانچ میں دستی وصول کروا کر رسید حاصل کرنا لازمی ہے۔نیز واضح کیا جاتا ہے کہ مقررہ آخری تاریخ کو دفتری اوقات کار تک دفتر میں پہنچنا لازمی ہے۔

2۔ کوئی الحاق شدہ ادارہ اپنے ادارہ کے طلباء و طالبات کے علاوہ پرائیویٹ یا کسی دوسرے غیر الحاق شدہ ادارہ ،اکیڈمی ،ٹیوشن سنٹر کے طلباء و طالبات کی رجسٹریشن کروانے کا مجاز نہ ہے۔عدم تعمیل کی صورت میں متعلقہ ادارہ کا الحاق بورڈ سے ختم کر دیا جائے گا اور طلبہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

3۔ فرسٹ ایئر سیشن 26-2024 میں داخل ہونے والے طلبہ کی آن لائن رجسٹریشن کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ (www.bisefsd.edu.pk) مقررہ تاریخ تک Active رہے گی۔مینول ریٹرن ناقابل قبول ہے۔

4۔ ہر ادارہ کا User Name اور Password پچھلے سال والا ہی استعمال ہوگا۔

5۔ رجسٹریشن آن لائن کٹ لسٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی، فارورڈنگ لیٹر، ریونیو لسٹ بمعہ فیس بنک چالان بروقت بورڈ آفس میں جمع نہ ہونے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد متعلقہ ادارہ کو یومیہ -/700 روپے لیٹ فیس ادا کرنا ہوگی۔لیٹ فیس ناقابل معافی ہے نیز بنک ڈرافٹ قابل قبول نہ ہے مزید برآں آن لائن بنک چالان فارورڈنگ لیٹر پر چسپاں کیا جائے۔

6۔ ایسے طلبہ جو دوسرے بورڈوں میں پارٹ ون اور ٹو میں زیر تعلیم ہوں وہ متعلقہ بورڈ سے مائیگریشن (NOC) کی بنیاد پر اس کے اجراء سے 45 یوم کے اندر داخلہ لے سکتے ہیں۔ایسے طلباء رجسٹریشن فارم کی آن لائن ہارڈ کاپی بمعہ اصل N.O.C، کالج چھوڑنے کا سرٹیفیکیٹ، پارٹ ون کا رزلٹ کارڈ، میٹرک کے رزلٹ کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی، رجسٹریشن فیس کا اصل بنک چالان داخلہ کی تاریخ سے 10 یوم کے اندر بورڈ میں دستی وصول کروا کر رسید حاصل کریں۔تاخیر کی صورت میں ادارے کو -/700 روپے یومیہ کے حساب سے لیٹ فیس ادا کرنا ہوگی جو کہ ناقابل معافی ہے۔

7۔ ایسے طلبہ جنہوں نے جی سی ای او لیول کا امتحان پاس کیا ہو ان کا داخلہ انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین اسلام آباد کی طرف سے جاری کردہ ایکولینس سرٹیفکیٹ اور مارکس شیٹ فراہم کرنے پر کیا جائے۔نیز اس کے ساتھ ادا کردہ رجسٹریشن فیس کا اصل بنک چالان، ایکولینس سرٹیفکیٹ (IBCC سے تصدیق شدہ فوٹو کاپی)

اور پاس کردہ امتحانات کی مارکس شیٹ کی فوٹو کاپی اور پرنسپل کا فارورڈنگ لیٹر منسلک کریں۔

**8۔** سربراہ ادارہ کسی بھی طالبعلم/ طالبہ کے مضامین میں تبدیلی کرنا چاہتا ہو تو اس کی بذریعہ آن لائن درستی کر کے اس کے پرنٹ کی مصدقہ ہارڈ کاپی اور آن لائن بنک چالان فارم پر فیس مبلغ -/1000 روپے فی مضمون/ تصویر جبکہ گروپ کی تبدیلی کیلئے مبلغ -/1500 روپے فی طالبعلم جمع کروا کر داخلہ شیڈول کے اجراء سے قبل تک بھجوا سکتے ہیں اس کے بعد تبدیلی مضامین کی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

**9۔** ایسے امیدواران جنہوں نے فیصل آباد یا دوسرے کسی بورڈ سے میٹرک کا امتحان/ اولیول 2024 سے قبل پاس کیا ہو وہ اشٹام پیپر پر اس امر کا حلفیہ بیان دیں گے کہ انہوں نے میٹرک/ اولیول کا امتحان پاس کرنے کے بعد کسی کالج/ ہائیر سیکنڈری سکول میں داخلہ حاصل نہ کیا ہے اور نہ ہی انٹر (کمپوزٹ) کے امتحان میں بطور پرائیویٹ شمولیت کی ہے۔

**10۔** ایسے امیدواران جو دیگر بورڈز سے میٹرک کا امتحان پاس کر کے فرسٹ ائیر میں داخلہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کو متعلقہ بورڈ کے اصل NOC کے بغیر ہرگز داخلہ نہ دیا جائے ورنہ ان امیدواران کی رجسٹریشن منسوخ ہو سکتی ہے۔

**11۔** اگر کوئی طالبعلم اپنی آن لائن رجسٹریشن کسی ادارہ سے کینسل کروانا چاہتا ہے تو آن لائن رجسٹریشن شروع ہونے سے 30 یوم کے اندر اندر اپنی درخواست بمعہ -/1000 روپے کینسلیشن فیس بوساطت پرنسپل جس ادارہ میں دوبارہ رجسٹریشن کروانا چاہتا ہے دفتر ہذا کو ارسال کر سکتا ہے یہ سہولت صرف 2024 میں داخل ہونے والے امیدواران کو ایک دفعہ ہی میسر ہوگی اسکے بعد طالبعلم کو قواعد کے مطابق مائیگریشن کروانا ہوگی۔

**12۔** بارہویں جماعت (سیکنڈ ائیر) کا امتحان دینے کے بعد یا بارہویں جماعت کا داخلہ ارسال کرنے کے بعد شامل امتحان نہ ہونے کی صورت میں ریگولر/ پرائیویٹ امیدوار کسی بھی تعلیمی ادارہ میں دوبارہ گیارہویں جماعت میں داخلہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔ حقائق چھپا کر قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے کی بناء پر کوائف (TRACE) ہونے کی صورت میں ان امیدواران کا داخلہ/ رجسٹریشن منسوخ کرنے کے ساتھ ساتھ داخلہ کرنے والے ادارہ کے خلاف سخت تادیبی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

**13-** امیدواران کو کالج میں داخلہ دینے سے قبل نتیجہ کارڈ کے کوائف/ رزلٹ متعلقہ تعلیمی بورڈ کی ویب سائٹ سے اچھی طرح چیک کرلیں۔ رزلٹ چیک نہ ہونے کی صورت میں رزلٹ کی متعلقہ تعلیمی بورڈ سے تصدیق (Verification) کروائیں تاکہ کوئی امیدوار جعلی (Bogus) نتیجہ کارڈ پر داخلہ نہ لے سکے۔ بوگس یا فیل رزلٹ کارڈ/ Equivalence Certificate پر داخلہ دینے والے ادارہ/ سربراہ ادارہ/ کالج انتظامیہ کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور ادارہ کا الحاق منسوخ بھی کیا جا سکتا ہے۔ میٹرک امتحان میں کمپارٹمنٹ کی صورت میں گیارہویں کلاس میں ہرگز داخلہ نہ کیا جائے۔

**14-** صرف ایسے امیدواران ایف ایس سی (میڈیکل/ نان میڈیکل) میں داخلہ کے اہل ہیں جنہوں نے میٹرک کا امتحان سائنس مضامین کے ساتھ پاس کیا ہو

**15-** مطلع کیا جاتا ہے کہ گیارہویں جماعت میں مضمون "ترجمۃ القرآن" کو بطور لازمی مضمون شامل کیا گیا ہے، لہذا اپنے تعلیمی ادارہ میں رجسٹر ہونے والے 11th کلاس کے طلباء وطالبات کو Punjab Textbook Board کی ویب سائٹ http: pctb.punjab.gov.pk پر موجود نصاب کے مطابق قرآن مجید کے ترجمہ کی تدریس شروع کروائیں۔ غیر مسلم امیدواران "ترجمۃ القرآن" کے متبادل "اخلاقیات (Ethics)" کا امتحان بھی دے سکتے ہیں۔

**16۔** ایسے امیدواران جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کی (Pre-Engineering) گروپ کے ساتھ پاس کیا ہے وہ امیدواران (Very Next Annual Examination) یعنی اگلے سالانہ امتحان میں ہی بیالوجی بطور ایڈیشنل مضمون کے ساتھ شامل امتحان ہوسکتے ہیں۔ تاہم ایسے امیدواران کو انٹر کی سطح پر (Pre-Engineering) امتحان پاس کرنے کے بعد بورڈ کے کسی بھی الحاق شدہ ادارہ یا گورنمنٹ ادارہ میں داخلہ لینا ہوگا اور متعلقہ کالج امیدوار کی رجسٹریشن اور داخلہ فارم بورڈ ہذا میں بروقت جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ اور ایسے امیدواران کو انٹر پارٹ ون پارٹ ٹو دونوں پیپرز دینا ہوں گے۔

(ڈاکٹر حبیب الرحمان)

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:

1۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع

2۔ ڈائریکٹر کالجز فیصل آباد ڈویژن، فیصل آباد

3۔ فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ اضلاع کے جملہ کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز کے سربراہان ادارہ۔

4۔ داخلی تقسیم